# امتحانی پرچے کا نمونہ

| | |
|---|---|
| پرچہ : اردو | کُل نمبر : ۱۰۰ |
| جماعت : سوم | وقت : ۳ گھنٹے |

**سوال نمبر ۱ :**

**(الف) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کیجیے۔** (۱۰)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گرم | سگے بھائی | شاعر | کسان | وقت | حفاظت | میٹھی عید | یکتا | دیانت داری | رحم |

۱۔ اللہ واحد ________ ہے۔

۲۔ بادشاہ نے رات ________ کی جھونپڑی میں گزاری۔

۳۔ درختوں کی ________ ہم کریں گے۔

۴۔ علامہ محمد اقبال رَحمَۃُاللہِ عَلَیہِ ہمارے قومی ________ ہیں۔

۵۔ ہمیں جانوروں پر ________ کرنا چاہیے۔

۶۔ سردیوں میں لوگ ________ کپڑے پہنتے ہیں۔

۷۔ عیدالفطر کو ________ بھی کہتے ہیں۔

۸۔ حامد اور محمود دونوں ________ تھے۔

۹۔ گھڑی سے ہمیں ________ کا پتا چلتا ہے۔

۱۰۔ سچ ہے ________ انسان کو سربلند کرتی ہے۔

**(ب) کالم الف کو کالم ب سے ملا کر جُملے مکمل کیجیے۔** (۰۵)

| | | | |
|---|---|---|---|
| خزاں میں درختوں کے | • | • | طرف جا رہے تھے۔ |
| دریا سے ہمیں | • | • | پتے جھڑنے لگتے ہیں۔ |
| لوگ عید گاہ کی | • | • | پانی حاصل ہوتا ہے۔ |
| گھر پہنچ کر ابو نے | • | • | مکانات بنا کر رہتے ہیں۔ |
| زمین پر ہم | • | • | طلبہ میں عیدی تقسیم کی۔ |

**(ج) دوسرا مصرعہ لکھ کر شعر مکمل کیجیے۔** (۰۵)

۱۔ سبزہ نکھار پر ہے ________________

۲۔ رحمت کی ہے نشانی ________________

**سوال نمبر ۲ : مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔** (۲۰)

(الف) احمد بھائی کو سب لوگ کیوں پسند کرتے تھے؟

جواب: ________________

(ب) بادشاہ کسان کی جھونپڑی میں کیوں رُکا تھا؟

جواب: ________________

(ج) اللہ تعالیٰ نے دو جہاں کس کی خاطر بنائے ہیں؟

جواب: ________________

(د) موبائل کے زیادہ استعمال سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: ________________

(ہ) پرندے کہاں بسیرا کرتے ہیں؟

جواب: ______________________________

(و) ہمیں کس چیز سے غافل نہیں ہونا چاہیے؟

جواب: ______________________________

(ز) پت جھڑ کا موسم کسے کہتے ہیں؟

جواب: ______________________________

**سوال نمبر ۳:**

**(الف) "ئے" اور "ئیں" لگا کر الفاظ بنائیے۔** **(۰۵)**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ئے | | | | | |
| ئیں | | | | | |

**(ب) ارکان جوڑ کر الفاظ بنائیے۔** **(۰۳)**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بھَلا | گُزا | خد | حوا | تُمھا | دکھا |
| ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ |
| ئی | ری | مت | لے | ری | ئی |
| ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ | ↓ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

**(ج) درست ارکان میں توڑیے۔** **(۰۲)**

| | | |
|---|---|---|
| کھیلتے | | |
| اتی | | |
| حالت | | |
| تلاوت | | |

**سوال نمبر ۴:**

**(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کے ہم آواز الفاظ بنائیے۔** **(۰۴)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پیارا | | | | |
| جگایا | | | | |
| لائے | | | | |
| آؤ | | | | |

**(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔** **(۰۳)**

| الفاظ | بُلند | حق | سیدھا | آسمان | دُرست |
|---|---|---|---|---|---|
| متضاد | | | | | |

(ج) مترادف الفاظ کو آپس میں ملائیے۔ (۰۳)

| دوست | برکھا | اندھیرا | ہوا | ہمّت | یکساں |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| بارش | صبا | ساتھی | ایک جیسا | تاریکی | حوصلہ |

(د) دیے گئے استفہامیہ جملوں کو اقراری اور انکاری جملوں میں تبدیل کیجیے۔ (۰۵)

| استفہامی جُملے | اقراری جُملے | انکاری جُملے |
|---|---|---|
| کیا آپ نے کھانا کھالیا؟ | | |
| آپ لاہور گئے تھے؟ | | |
| آپ نے یہ کتاب پڑھ لی؟ | | |
| کیا آپ اسکول جائیں گے؟ | | |
| کیا آپ نے گھر کا کام کر لیا؟ | | |

سوال نمبر ۵ :

(الف) دیے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ (۰۵)

| | |
|---|---|
| خوش نصیب | |
| مشروبات | |
| توجہ | |
| اچھّے کام | |
| راستہ | |

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر دس جملوں کا مضمون لکھیے۔ (۱۰)

جنگلات کے فائدے۔ عید کیسے گُزاریں۔ والدین کا ادب واحترام

سوال نمبر ۶ : املا۔ (۱۰)

# حصہ زبانی

**سوال نمبر ۷ :**

**(الف) مندرجہ ذیل عبارت کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیے۔** (۰۵)

ایک دانا شخص نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی کہ: بیٹا! علم حاصل کرو اور ہُنر سیکھو، علم وہ خزانہ ہے جسے کوئی چُرا نہیں سکتا۔ یہ وہ چشمہ ہے جو ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ علم بانٹنے سے اس میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔ ہُنر مند کے پاس مال نہ بھی ہو تو اُسے کچھ پرواہ نہیں ہوتی کیوں کہ ہُنر خود ایک دولت ہے۔ روپے پیسے کا کوئی اعتبار نہیں یہ آنے جانے والی شے ہے۔ اسے تو لوگ خود اپنے ہاتھوں سے خرچ کر ڈالتے ہیں۔

**(ب) اپنی کتاب کی کسی نظم کے دو اشعار سنائیے۔** (۰۵)